
تفسیر فرات (اردو)
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ——— تفسیر فرات

مؤلف ——— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراهیم کوفی

مترجم ——— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ سرگولوی ملتانی

پیشکش ——— تنظیم محبّ علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ——— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ——— 175/- روپے

اگست سنہ 2003ء

تنظیم انتظار مھدیؑ ملتان

فرمایا جن پر لوگ حسد کرتے ہیں وہ ہم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں امامت عطا فرمائی اس لئے محسود بھی ہم ہیں۔

فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُم مُّلْكًا عَظِيمًا۔

"ہم نے آل ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت دی اور ان کو ایک بڑا ملک عطا کیا"

یعنی ہم نے ان میں رسولؑ، انبیاءؑ اور ائمہؑ پیدا کئے، یہ لوگ اس بات کا آل ابراہیم میں تو اقرار کرتے ہیں اور آل محمدؐ میں اس کی تکذیب کرتے ہیں،

فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ بِهِ

بعض لوگ وہ ہیں، جو اس بات پر ایمان لائے۔

وَمِنْهُم مَّن صَدَّ

بعض نہ مانے

وَكَفَىٰ بِجَهَنَّمَ سَعِيرًا

نہ ماننے والوں کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ کافی ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ

"اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو، رسولؐ کی اطاعت کرو اور والیان امر کی جو تم میں سے ہیں"

کی تفسیر میں امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اولی الامر سے اولی الفقہ والعلم مراد ہیں یعنی صاحب فقہ اور علم۔ راوی نے عرض کیا عام لوگ مراد ہیں جو فقہ اور علم کا دعویٰ کرتے ہوں یا خاص خاص بندے مراد ہیں، فرمایا بلکہ خاص وہ فقیہ اور صاحب علم مراد ہیں جو ہم ہی میں سے ہیں۔

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ